# ایک

# بل

خیبر پختونخوا کے وزراء کی (تنخواہوں، الاؤ نسوں اور استحقاقات) کا ایکٹ 1975ء میں مزید ترمیم کی غرض سے۔

ہر گاہ کہ یہ امر قرین مصلحت ہے کہ خیبر پختونخوا کے وزراء کی (تنخواہوں، الاؤ نسوں اور استحقاقات) کا ایکٹ 1975ء (خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 4، 1975ء) میں مزید ترمیم بطریق ذیل کی جائے۔

لہذا صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا مندرجہ ذیل قانون وضع کرتی ہے۔

1۔ __مختصر عنوان وآغاز:__ (1) جائز ہے کہ ایکٹ ہذا کو خیبر پختونخوا کے وزراء کی (تنخواہوں، الاء ونسوں اور اسحقاقات) (ترمیمی) ایکٹ 2024ء کے نام سے موسوم کیا جائے۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

2۔ __خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 4، 1975ء کی دفعہ 8 میں ترمیم:__ خیبر پختونخوا کے وزراء کی (تنخواہوں، الاء ونسوں اور استحقاقات) کا ایکٹ 1975ء (خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 4، 1975ء) کی دفعہ 8 میں۔

(الف) ذیلی فعہ (2) کے لئے مندرجہ ذیل متبادل متصور ہو گا، یعنی

"(2) حکومت کی جانب سے وقتاً فوقتاً لاگو ہونے والی شرائط کے مطابق حکومت ایک وزیر کی سرکاری رہائش کا بندوبست کریگی وزیر کے میعاد عہدہ میں ایک بار مبلغ 10 لاکھ روپے خرچ کر کے اس کی تزئین وآرائش کریگی۔ تزئین وآرائش میں قالین، پردے، ائیر کنڈیشنر اور صرف ایک ریفریجیریٹر شامل ہیں۔

(ب) ذیلی دفعہ (3) کے لئے مندرجہ ذیل متبادل متصور ہو گا، یعنی

(3) اپنا عہدہ سمبھالتے وقت اگر ایک وزیر کو سرکاری رہائش گاہ میسر نہیں ہے تو تب تک کہ جب تک حکومت اسے رہائش فراہم نہیں کرتی تب تک اسے کرائے پر ایک گھر لینے کے لئے مبلغ دو لاکھ روپے (200،000) فی مہینہ تک دیئے جائیں گے اور محکمہ

ایڈمنسٹریشن میں معاہدہ کرایہ نامہ اور تزئین وآرائش کے سامان کی فہرست جمع کرانے پر الگ ایک بار مبلغ 10 لاکھ روپے تزئین و آرائش کے لئے دیئے جائیں گے"

(ج) ذیلی دفعہ 3 جو کہ تبدیل شدہ ہے، کے بعد مندرجہ ذیل نئی ذیلی دفعہ ثبت کی جائے۔

(3الف) ذیلی دفعات 2 اور 3 کے مقصد کے لئے وزیر اپنی رہائش گاہ خواہ سرکاری ہو یا کرایہ پر ہو کو خالی کرتے وقت مذکورہ بالا ذیلی دفعات میں مذکورہ تمام ساز وسامان محکمہ ایڈمنسٹریشن کی ایک مجوزہ فہرست کے ذریعے واپس کرے گی اور اس وزیر کا دفتر اس کی تصدیق کریگا۔ اور

(د) ذیلی دفعہ (4) کے لئے مندرجہ ذیل متبادل متصور ہوگا، یعنی

(4) اگر ایک وزیر اپنے گھر میں رہائش اختیار کرنے کا فیصلہ کرتا ہے تو ایسے گھر کی مد میں اس کو ماہانہ دو لاکھ روپے (200،000) ادا کئے جائیں گے۔

## بیان اغراض ووجوہ

مستحصن ہے کہ خیبر پختونخوا کے وزراء کی (تنخواہوں، الاؤنسوں اور استحقاقات) کا ایکٹ 1975ء (خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 4، 1975ء) میں ترمیم کی جائے۔ لہذا بل ہذا پیش کیا جاتا ہے۔